بسم اللہ الرحمن الرحیم

موٹے کپڑے بالٹی میں پاک کرنے کا طریقہ

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

پوچھنا یہ تھا کہ موٹے کپڑے جیسے جیکٹ، سویٹر، اِنر وغیرہ کسی نظر نہ آنے والی نجاست لگنے سے ناپاک ہوجائیں، تو کیا ان کو کسی بالٹی یا ٹب وغیرہ میں ڈال کر، اس میں سے پانی بہانے سے، یہ موٹے کپڑے پاک ہوجائیں گے؟

جواب

بالٹی یا ٹب وغیرہ کسی برتن میں جب موٹے ناپاک کپڑے (مثلاً جیکٹ، سویٹر، اِنر وغیرہ) کو ڈال کر اوپر سے نَل کھول دیا جائے، اور جب بالٹی یا ٹب وغیرہ کے اوپر سے اُبل کر اتنا پانی بہہ جائے، کہ جس سے یہ غالب گمان ہوجائے، کہ پانی، گندگی کو بہا کر لے گیا، تو اب وہ ناپاک کپڑے، پاک ہوجائیں گے۔ تنویر الابصار میں ہے "ویطھر محل غیرھا بغلبۃ ظن غاسل طھارۃ محلھا" ترجمہ: نجاست غیر مرئیہ والی جگہ دھونے والے کے اس جگہ کے پاک ہونے کے غالب گمان سے پاک ہوجاتی ہے۔

اس کے تحت ردالمحتار میں ہے "أن المذھب اعتبار غلبۃ الظن" ترجمہ: بیشک اصل مذہب، غلبہ ظن کا اعتبار کرنا ہی ہے۔ (تنویر الابصار مع الدرالمختار وردالمحتار، جلد 1، صفحہ 593، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہارِ شریعت میں ہے "دَری یا ٹاٹ یا کوئی ناپاک کپڑا بہتے پانی میں رات بھر پڑا رہنے دیں پاک ہوجائے گا اور اصل یہ ہے کہ جتنی دیر میں یہ ظن غالب ہوجائے کہ پانی نَجاست کو بہالے گیا پاک ہوگیا؛ کہ بہتے پانی سے پاک کرنے میں نچوڑنا شرط نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 399، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

امیرِ اہلِ سنت، مولانا الیاس قادری اپنے رسالہ "کپڑے پاک کرنے کا طریقہ" میں لکھتے ہیں: "کپڑے پاک کرنے کا ایک آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ بالٹی میں ناپاک کپڑے ڈال کر اُوپر سے نل کھول دیجئے، کپڑوں کو ہاتھ یا کسی سَلاخ وغیرہ سے اِس طرح ڈَبوئے رکھئے کہ کہیں سے کپڑے کا کوئی حِصہ پانی کے باہَر اُبھرا ہوا نہ رہے۔ جب بالٹی کے اُوپر سے اُبل کر اتنا پانی بہ جائے کہ ظنِّ غالب آجائے کہ پانی نَجاست کو بہا کر لے گیا ہوگا تو اب وہ کپڑے اور بالٹی کا پانی نیز ہاتھ یا سلاخ کا جتنا حصّہ پانی کے اندر تھا سب پاک ہو گئے جبکہ کپڑے وغیرہ پر نَجاست کا اثر باقی نہ ہو۔ اِس عمل کے دَوران یہ احتیاط ضَروری ہے کہ پاک ہوجانے کے ظنِّ غالب سے قَبل ناپاک پانی کا ایک بھی چھینٹا آپ کے بدن یا کسی اور چیز پر نہ پڑے۔" (کپڑے پاک کرنے کا طریقہ، صفحہ 30-31، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4932

تاریخ اجراء: 06ذوالقعدۃ الحرام 1447ھ/24اپریل 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net